

**Long-Term Care Home Update** | *Community Newsletter* | Lakeridge Health

**مارچ 2021**


## ورچوئل اوپن ہاؤس سے جھلکیاں

رہائشیوں سے براہ راست رابط اور نئے طویل مدتی کیئر ہوم کے متعلق بتانے کے لیے 18 مارچ کو Lakeridge Health نے Facebook لائیو پر ایک ورچوئل اوپن ہاؤس منعقد کیا۔

Ajax اور Durham کے علاقوں سے قریباً 80 رہائشیوں نے گفتگو میں حصہ لیا، اور Lakeridge Health، PCL Construction اور G Architects کی ٹیم نے ہوم کا ورچوئل "تعارف" پیش کیا۔

گفتگو کی اہم چیزوں میں درج ذیل شامل تھیں:

- ہوم کے فرش کے منصوبوں کا مجموعی جائزہ، بشمول محفوظ اور دلکش صحن، نقل و حرکت میں معاون وسیع راہداریاں، اور ساتھی رہائشیوں اور خاندانوں کے ساتھ مربوط اور سماجی میل جول کے لیے سماجی جگہیں۔
- انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول (IPAC) کے بہتر طرز عمل کی تفصیلات، بشمول الگ صاف اور پختہ ٹریفک کے راستے اور ہوم کے حصوں کے اندر وبا کے نظم کے لیے 16 بستروں کے 'کلسٹرز'۔
- ماہانہ تعمیراتی منصوبہ اور عمارت کے ماڈولر حصوں کا شو کیس جنہیں اب بھی سائٹ سے الگ تعمیر کیا جا رہا ہے۔
- ایک لائیو پول جس میں 98% شرکاء نے اتفاق کیا کہ Durham کو مزید طویل مدتی کیئر ہومز کی ضرورت ہے۔




اوپن ہاؤس کا اسکرین شاٹ

### ورچوئل اوپن ہاؤس

### چھوٹ گیا؟

**اگر آپ ہمارے ورچوئل اوپن ہاؤس میں شریک ہونے سے قاصر ہیں تو آپ ریکارڈنگ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ باقاعدہ اپ ڈیٹس اور مستقبل کی تقریبات کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ www.lh.ca پر ملاحظہ کرتے رہیں۔**

### تعمیراتی پیش رفت تیز رفتاری سے جاری ہے

Lakeridge Health کے نئے طویل مدتی کیئر ہوم کے حوالے سے کام عمدگی سے جاری ہے، جو ابھی Ajax Pickering Hospital سے متصل زیر تعمیر ہے۔ پورے فروری اور مارچ میں، تعمیراتی ٹیم نے ضروری یوٹیلٹی خدمات، جیسا کہ بجلی کی فراہمی اور Durham کے مرکزی علاقے میں قدرتی پانی اور نکاسی کی لائنوں کے کنیکشنز کی تنصیب کی ہے۔ دو کرینیں اس ماہ کی ابتداء میں بھی آئی ہیں اور تعمیراتی ٹیم زیریں منزل ڈال رہی ہے اور پہلی منزل کی دیواریں کھڑی کر رہی ہے۔

سائٹ پر تعمیراتی اوقات نمایاں طور پر بڑھے ہیں۔ زیادہ کام کے اوقات میں، پروجیکٹ میں ایک شفٹ میں 300 ماہر کارکن کام کریں گے اور فی دن 600 سے کچھ زائد کارکن کام کریں گے۔ **اس کا مطلب ہے کہ فی دن 4,800 گھنٹے کام کے اوقات** اور ہماری کمیونٹی اور صوبے کے لیے نمایاں معاشی ترقی ہے۔

مارچ 22 سے شروعات کر کے آن سائٹ ٹیمیں پیر تا جمعہ صبح 6:30 سے نصب شب تک اور بروز ہفتہ صبح 6:30 سے شام 5:00 بجے تک کام کریں گی۔

آن سائٹ تعمیر کے ساتھ عمارت کے ماڈولر حصے سائٹ سے دور تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ ہمارا تعمیراتی پارٹنر PCL، عمارت کے پہلے سے تیار شدہ متعدد اجزاء، جیسا کہ وزن اٹھانے والے دیوار کے پینل سسٹمز، غسل خانوں کے پوڈز، اور میکانکی اور برقی ترسیل کے سسٹمز کے ڈیزائن اور تنصیب کی نگرانی کر رہا ہے۔

اس طرح کی ماڈولر تعمیر اور فی دن کام کے اوقات تیز تر تعمیر کے پائلٹ پروگرام کا حصہ ہے اور نئے ہوم کو روایتی طویل مدتی کیئر پروجیکٹس سے تیز تر تعمیر کے قابل بناتی ہے۔

بھروسہ رکھیں کہ اگرچہ رفتار ہماری اولین ترجیح ہے، تاہم تمام عملہ اور تعمیراتی کارکنان صحت، سلامتی اور ڈیزائن کے معیارات پر کاربند رہتے ہیں۔

## پارکنگ گیراج کی تعمیر شروع ہو چکی ہے

آئندہ پر نظر رکھتے ہوئے، ہوم کے پارکنگ گیراج اور اندرونی سڑکوں کے نیٹ ورک کی تعمیر اختتام مارچ/اوائل اپریل تک شروع ہو گی۔ نیا طویل مدتی کیئر ہوم کم از کم 250 پارکنگ کی جگہوں کے لیے اضافی طلب پیدا کرے گا۔

پارکنگ کا گیراج اور دوبارہ تشکیل کردہ سڑکوں کا نیٹ ورک دونوں ہی ضروری اضافے ہیں جو Ajax Pickering Hospital میں اور اس کے گردونواح میں اضافی حجم کو پورا کرنے اور مریضوں، مہمانوں اور عملے کی نئے طویل مدتی کیئر مرکز اور ہسپتال تک رسائی کو بڑھانے میں مدد دیں گے۔

گیراج اور سڑکوں کی تعمیر کے قابل بنانے کے لیے، مرحلہ وار تعمیر ضروری ہے اور اس کا اندرونی سڑکوں کی تشکیل اور بعض درختوں کو ہٹانے پر اثر پڑے گا۔ اس کوشش میں رہنمائی کے لیے، ایک مستند مقامی ماہر شجریات کو یہ تفصیلی تعین کرنے کے لیے شامل کیا گیا تھا کہ کن درختوں کو محفوظ رکھنا ہے۔ Ajax ٹاؤن سے بھی مشاورت کی گئی تھی اور تعمیر شروع کرنے کے لیے منظوری کا پرمٹ فراہم کیا گیا تھا۔ پروجیکٹ میں ہماری پیش رفت کے ساتھ، کوئی اضافی درخت متاثر نہیں ہو گا۔

Lakeridge Health پورے نظام میں ماحولیاتی استحکام اور توانائی کی کارکردگی کے فروغ کا طویل ماضی رکھتی ہے، اور ہم نئے درخت دوبارہ لگانے کے لیے پرعزم ہیں جو تعمیر مکمل ہونے کے بعد علاقے کا حصہ بنیں گے۔



## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

ان لوگوں کا شکریہ جو ہمارے طویل مدتی کیئر ہوم پروجیکٹ کے متعلق سوالات اور تاثرات کے ساتھ ہم سے رابطہ کر رہے ہیں۔ ذیل میں کچھ عمومی پوچھے جانے والے سوالات کے جواب ہیں:

**سوال 1۔ ہوم کب مکمل ہوں گے اور وہاں کتنے بستر ہوں گے؟**

نیا طویل مدتی کیئر ہوم Ajax Pickering Hospital کے ساتھ Harwood Avenue South اور Clements Road West کے شمال مغربی کنارے پر واقع ہے۔ اس کے اواخر 2021 تک مکمل ہونے کی توقع ہے اور اس میں 320 بیڈز کی گنجائش ہو گی۔

**سوال 2۔ اگر میں Ajax میں رہتا/رہتی ہوں تو کیا میرے پاس نئے ہوم میں جگہ لینے کا بہتر امکان ہے؟**

جب نیا ہوم کھلے گا تو صوبے بھر میں تمام طویل مدتی کیئر ہومز میں بیڈز تک رسائی کے نظم کے لیے یہ صوبائی عمل کی پیروی کرے گا۔ کسی بھی مرکز تک رسائی صوبائی طور پر منتظم کردہ تعیناتی کے عمل کے ذریعہ اونٹاریو کے تمام اہل رہائشیوں کے لیے کھلی ہے۔

تعیناتی کے عمل میں ایک سے زائد حصوں پر مشتمل جائزہ شامل ہے، بشمول کیئر کوآرڈینیٹر کی جانب سے جائزہ، تا کہ یقینی بنایا جا سکے کہ طبی سرگزشت کا درست ریکارڈ موجود ہے، اور طویل مدتی نگہداشت کے لیے اہلیت کا تعین کرنے میں مدد ملے۔ رسائی کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم 2222-310 پر کال کریں (کوئی علاقائی کوڈ درکار نہیں ہے)

**سوال 3۔ نئے طویل مدتی کیئر کوم میں مجھے ملازمت کیسے مل سکتی ہے؟**

کمیونٹی کو اس بارے میں مطلع کیا جائے گا اور معلومات فراہم کی جائیں گی کہ دستیابی پر نئے ہوم میں عہدوں کے لیے کیسے درخواست دی جائے۔

**سوال 4۔ میں نئے طویل مدتی کیئر ہوم کو مصنوعہ یا خدمت کیسے فراہم کر سکتا/سکتی ہوں؟**

تجویز کردہ مصنوعہ یا سروس کی قسم پر منحصر، خریداری ہمارے جنرل کنٹریکٹر (PCL) کے ساتھ تعمیراتی معاہدے یا Lakeridge Health کے موجودہ خریداری کے افعال کا حصہ ہے۔

اگر آپ Lakeridge Health کے لیے ریکارڈ کے وینڈر بننا چاہتے ہیں تو براہ کرم Plexxus کے ساتھ رجسٹر ہوں جو ہمارا خریداری کا کوآرڈینیٹر ہے۔

**سوال 5۔ تعمیراتی سائٹ کے قریب ہمسائیوں کے لیے شور کم کرنے کے لیے کیا کیا جا رہا ہے؟**

گردونواح کے لیے کسی بھی قسم کے شور یا اثرات کو کم کرنے کے لیے تعمیراتی ٹیم اپنی پوری کوشش کر رہی ہے۔ PCL نے متعدد منصوبے لاگو کیے ہیں جو شور کے حوالے سے ذیلی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں:

- صحت، سلامتی اور ماحول سے متعلق تمام تحفظات کا نظم کرنے، بشمول گرد پر قابو پانے کے لیے منصوبہ؛
- ڈیلیوری اور پارکنگ دونوں کے لیے سائٹ سے آنے اور جانے والی ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے کے لیے ایک مختص کردہ ٹریفک کنٹرول کا منصوبہ؛ اور
- ایسے منصوبے جو تعمیراتی شور کے متعلق شور کے ذیلی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں۔

اس اہم اور ضروری طویل مدتی کیئر ہوم کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے ہمارے کام کے دوران گردونواح کے ہمسائیوں کے تعاون کو ہم سراہتے ہیں۔

2021 تک نئے ہوم کی تکمیل یقینی بنانے کے لیے پروجیکٹ کا تعمیراتی شیڈول تیز تر ہے۔

## آپ کو باخبر رکھنا

ہم اس کمیونٹی لیٹر اور ہماری ویب سائٹ کے ذریعہ آپ کو ہماری پیش رفت سے باخبر رکھنا جاری رکھیں گے۔

اگر کسی بھی وقت آپ کے کوئی مزید سوالات ہوں یا مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہوں تو براہ کرم 905-576-8711 ایکسٹنشن 34167 پر کال کریں یا AjaxLTC@lh.ca پر ای میل کریں۔

آپ ہمیں Twitterاور Facebook پر بھی فالو کر سکتے ہیں۔

## Durham کمیونٹی میں اس اہم نئے اضافے کے لیے آپ کی دلچسپی اور تعاون کا شکریہ۔